24. And (already) married women (are forbidden to you), except those (slaves and captives) whom your right hands possess. (This is) a decree of Allah upon you. And lawful to you are all (others) beyond those. (Provided) that you seek (them in marriage) with your property (bridal gifts), desiring chastity, not unlawful sexual activities. So with those of whom you enjoyed (in marriage), give them their bridal due as an obligation. And there is no sin on you in what you do by mutual agreement after the obligation (has been done). Indeed, Allah is ever All Knowing, All Wise.

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا
مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ
اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا
وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا
بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ
مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ
مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ
فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا
تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾

اور (حرام کی گئی ہیں تم پر) شوہر والی عورتیں مگر وہ جو
(جنگ میں قید ہو کر) ہاتھ آئیں تمہارے یہ قانون ہے
اللہ کا (لازم ہے جس کی پابندی) تم پر۔ اور حلال ہیں
تمہارے لیے وہ (عورتیں) جو علاوہ ہیں ان کے
اس طرح کہ حاصل کرو تم اُن کو اپنے مال خرچ کر کے،
قید (نکاح) میں لانے کے لیے نہ کہ بدکاری کی خاطر
پھر جو لطف اُٹھاؤ تم ان عورتوں میں کسی سے تو ادا کرو اُنھیں
اُن کے مہر بطور فرض اور نہیں ہے کچھ گناہ
تم پر کسی (سمجھوتے) میں جو باہمی رضامندی سے طے پا جائے،
بعد مہر مقرر کرنے کے ۔ بے شک اللہ ہے
ہر بات جاننے والا، بڑی حکمت والا ﴿۲۴﴾

25. And whoever is not able among you to afford to marry believing free women, then (he may marry) from those whom your right hands possess of believing slave girls. And Allah knows best about your faith. You are of one another, so marry them with the permission of their guardians, and give to them their bridal gifts in kindness, (them being) chaste, not committing unlawful sexual activities, nor taking secret lovers. But when they are sheltered, (honorably married) then if they commit lewdness (unlawful sexual act), then for them is half of the punishment that which is (prescribed) for free women. This (permission to marry a slave girl) is for him who fears affliction (of committing sin) among you. And it is better for you that you have patience. And Allah is Oft Forgiving, Most Merciful.	وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ۭ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَي الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾	اور جو نہ رکھتا ہو تم میں سے قدرت اس بات کی کہ نکاح کر سکے آزاد مومن عورتوں سے تو (وہ نکاح کرے) ان سے جو تمہاری ملک میں ہوں، کنیزیں ایمان والی اور اللہ خوب جانتا ہے تمہارے ایمان کا حال، تم سب ایک دوسرے میں سے ہو، سو نکاح کرو ان کنیزوں سے، اجازت سے اُن کے مالکوں کی۔ اور ادا کرو انہیں اُن کے مہر دستور کے مطابق (تاکہ وہ) قیدِ نکاح میں محفوظ رہنے والیاں ہوں نہ بدکاری کرنے والیاں اور نہ چوری چھپے یارانہ گانٹھنے والیاں پھر جب وہ قیدِ نکاح میں محفوظ ہو جائیں تو اگر ارتکاب کریں بدکاری کا تو ان کے لیے ہے نصف اس سزا کا جو ہے آزاد عورتوں کے لیے مقررہ سزا۔ یہ (کنیز سے نکاح کی سہولت) اس کے لیے ہے۔ جسے ڈر ہو بدکاری میں مبتلا ہونے کا تم میں سے اور یہ کہ صبر سے کام لو تم۔ یہ بہتر ہے تمہارے لیے اور اللہ بہت بخشنے والا، رحم فرمانے والا ہے ﴿۲۵﴾
26. Allah wants to make clear to you, and to guide you to the ways of those who were before you, and accept your repentance. and Allah is All Knower, All Wise.	يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾	چاہتا ہے اللہ کہ کھول کر بیان کرے تمہارے لیے (اپنے احکام) اور چلائے تم کو طریقوں پر ان لوگوں کے جو تھے تم سے پہلے اور قبول کرے تمہاری توبہ اور اللہ ہے ہر بات جاننے والا، بڑی حکمت والا ﴿۲۶﴾

27. And Allah wants to accept your repentance, and those who follow vain desires want that you deviate (into) a tremendous deviation.	وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۫ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ۝٢٧	اوراللہ تو چاہتا ہے کہ توبہ قبول کرے تمہاری مگر چاہتے ہیں وہ لوگ جو پیروی کرتے ہیں خواہشاتِ نفس کی کہ دُور ہٹ جاؤ تم (راہِ راست سے) بہت زیادہ دُور ۝٢٧
28. Allah wants to lighten (the burdens) from you, and man was created weak.	يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۝٢٨	چاہتا ہے اللہ کہ ہلکا کرے بوجھ تمہارا کیونکہ پیدا کیا گیا ہے انسان کمزور ۝٢٨
29. O you who believe, do not devour your possessions among yourselves wrongfully, except that it be a trade amongst you by mutual consent. And do not kill yourselves (one another). Indeed, Allah is Most Merciful to you.	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۫ وَلَا تَقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۝٢٩	اے لوگو! جو ایمان لائے ہو نہ کھاؤ ایک دوسرے کے مال باہم ناجائز طریقے سے، مگر یہ کہ ہو لین دین تمہاری آپس کی رضامندی سے اور نہ قتل کرو اپنے آپ کو، بے شک اللہ ہے تم پر بے حد مہربان ۝٢٩
30. And whoever commits that in aggression and injustice, then We shall cast him into the Fire. And that is ever easy for Allah.	وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝٣٠	جو شخص کرے گا ایسے کام زیادتی اور ظلم سے تو عنقریب جھونکیں گے ہم اُسے بڑی آگ میں اور ہے یہ (کام) اللہ کے لیے بہت آسان ۝٣٠
31. If you avoid the major sins, which you are forbidden to do, We shall remove from you your lesser sins, and We shall admit you to a noble entrance.	اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبٰٓئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ۝٣١	اور اگر تم بچتے رہو ایسے بڑے گناہوں سے کہ منع کیا گیا ہے تم کو جن سے تو معاف کردیں گے ہم تمہاری چھوٹی بُرائیاں اور داخل کریں گے ہم تمہیں عزت و احترام کی جگہ ۝٣١

32. And do not desire for that in which Allah has bestowed more to some of you over others. For men is a share of what they have earned. And for women is a share of what they have earned. And ask Allah of His bounty. Indeed, Allah is ever All Knower of all things.	وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۚ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ۚ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۚ وَسْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾	اور مت تمنا کرو ایسی بات کی کہ فضیلت دی ہے اللہ نے اس میں تم میں سے بعض کو بعض پر مردوں کے لیے ہے حصہ اس میں جو کمایا انہوں نے اور عورتوں کے لیے ہے حصہ اس میں جو کمایا انہوں نے اور مانگو اللہ سے اس کا فضل ۔ بے شک اللہ ہے ہر چیز کے بارے میں سب کچھ جاننے والا ﴿۳۲﴾
33. And for everyone, We have appointed heirs of that (property) left by parents and near relatives. And to those with whom you have pledged your oath, give them their due portion. Indeed, Allah is ever a Witness over all things.	وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِیَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۚ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾	اور سب کے لیے مقرر کیے ہیں ہم نے وارث اس میں جو چھوڑیں والدین اور قریبی رشتہ دار اور وہ لوگ جن سے عہد و پیمان کر رکھا ہے تم نے سو دو انہیں بھی ان کا حصہ ۔ بے شک اللہ ہے ہر چیز پر نگران ﴿۳۳﴾

34. The men are in charge of the women, by what Allah has bestowed to one of them over other, and because they spend of their property (to support women). So the righteous women are devoutly obedient, guarding in (husband's) absence that which Allah has (ordered to be) guarded. And those (women) from whom you fear rebellion, admonish them, and forsake them in beds, and strike them. Then if they obey you, then seek not against them means (of annoyance). Indeed, Allah is ever Most High, Most Great.	اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِىْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِى الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾	مرد سرپرست و نگہبان ہیں عورتوں کے اس بنا پر کہ فضیلت دی ہے اللہ نے انسانوں میں بعض کو بعض پر اور اس بنا پر کہ خرچ کرتے ہیں مرد اپنے مال پس نیک عورتیں (ہوتی ہیں) اطاعت شعار، حفاظت کرنے والیاں (مردوں کی) غیر حاضری میں، ان سب چیزوں کی جن کو محفوظ بنایا ہے اللہ نے ۔ اور وہ عورتیں کہ اندیشہ ہو تم کو نافرمانی کا جن سے، سو نصیحت کرو ان کو اور (اگر نہ مانیں تو) تنہا چھوڑ دو ان کو بستروں میں اور (پھر بھی نہ مانیں تو) مارو ان کو پھر اگر اطاعت کرنے لگیں وہ تمہاری تو نہ تلاش کرو ان پر زیادتی کرنے کی راہ۔ بے شک اللہ ہے سب سے بالاتر اور بہت بڑا ﴿۳۴﴾
35. And if you fear a dissension between them twain (man and wife), then appoint an arbitrator from his family and an arbitrator from her family. If they (arbitrators) desire reconciliation, Allah will make (reconciliation) between them (man and wife). Indeed Allah is ever All Knower, Well Acquainted.	وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾	اور اگر اندیشہ ہو تم کو ناچاقی کا، میاں بیوی کے درمیان تو مقرر کرو ایک ثالث مرد کے خاندان سے اور ایک ثالث عورت کے خاندان سے ، اگر چاہیں گے وہ دونوں اصلاح احوال تو موافقت پیدا کردے گا اللہ اُن دونوں کے درمیان بے شک اللہ ہے سب کچھ جاننے والا، ہر بات سے باخبر ﴿۳۵﴾

36. And worship Allah and ascribe not anything as partner to Him. And to parents do good, and to near relatives, and the orphans, and the needy, and the neighbor who is near of kin, and the neighbor who is a stranger, and the fellow traveler, and the wayfarer, and (the slaves) whom your right hands possess. Indeed, Allah loves not such as are proud, boastful.	وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِى الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۙ ﴿۳۶﴾	اور بندگی کرو اللہ کی اور نہ شریک بناؤ اس کا (کسی کو) ذرا بھی اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو اور رشتہ داروں یتیموں، مسکینوں، رشتے دار ہمسایوں، بیگانہ ہمسایوں، پاس کے اُٹھنے بیٹھنے والوں، مسافروں اور اپنے لونڈی، غلاموں کے ساتھ بھی (حسن سلوک کرو) بے شک اللہ نہیں پسند کرتا ان لوگوں کو جو ہوں مغرور اور شیخی بگھارنے والے ﴿۳۶﴾
37. Those who are miserly, and enjoin miserliness on people, and hide that which Allah has bestowed upon them of His bounty. And We have prepared for the disbelievers a humiliating punishment.	الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۚ ﴿۳۷﴾	جو بخل کرتے ہیں اور ترغیب دیتے ہیں لوگوں کو بخل کی اور چھپاتے ہیں اس کو جو دیا ہے اُن کو اللہ نے اپنے فضل سے اور تیار کر رکھا ہے ہم نے ایسے ناشکروں کے لیے رسواکن عذاب ﴿۳۷﴾
38. And those who spend their wealth to be seen by the people, and believe not in Allah, nor in the Last Day. And he to whom Satan is a companion, then evil (is he) as a companion.	وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾	اور (نہیں پسند کرتا) ان لوگوں کو بھی جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال، لوگوں کے دکھاوے کی خاطر اور نہیں ایمان رکھتے اللہ پر اور نہ روزِ آخرت پر (اُن کا ساتھی شیطان ہے) اور وہ شخص کہ ہو گیا شیطان اس کا ساتھی، تو وہ تو بہت ہی بُرا ساتھی ہے ﴿۳۸﴾

39. And what have they (to lose) if they believed in Allah, and the Last Day, and spent of that which Allah has provided for them. And Allah is ever All Aware of them.	وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾
40. Indeed, Allah wrongs not even of the weight of an atom. And if there is a good deed, He will double it, and will give from His presence a great reward.	اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَ اِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾
41. So how (will it be) when We bring from every nation a witness, and We bring you (O Muhammad) against these people as a witness.	فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾
42. That day, those who disbelieved and disobeyed the messenger will wish that the earth were leveled with them. And they will not (be able to) hide from Allah a single fact.	يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾

اور کیا آفت ٹوٹ پڑتی ان پر اگر ایمان لے آتے وہ اللہ پر
اور روزِ آخرت پر اور خرچ کرتے اس میں سے جو
دیا ہے اُنہیں اللہ ہی نے اور ہے اللہ
ان کے بارے میں سب کچھ جاننے والا ﴿۳۹﴾
بے شک اللہ نہیں ظلم کرتا ذرہ برابر
اور اگر ہو نیکی تو دوگنا چوگنا کرتا ہے اس کو اور دیتا ہے
اپنے پاس سے بھی اجرِ عظیم ﴿۴۰﴾
پھر کیا کیفیت ہوگی (ان لوگوں کی) جب لائیں گے ہم
ہر اُمّت میں سے ایک گواہ اور لائیں گے تمہیں (اے محمدؐ!)
ان پر بطورِ گواہ ﴿۴۱﴾
اس دن آرزو کریں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
اور نافرمانی کی رسُول کی اے کاش! (وہ زمین میں سما جائیں اور)
برابر کر دی جائے اُن پر زمین اور نہ چھپا سکیں گے وہ
اللہ سے کوئی بات ﴿۴۲﴾

English	Arabic
43. O you who believe, do not approach prayer while you are intoxicated, until you know what you are saying, nor when you are unclean (sexual discharge) except, when traveling on the road, until you have washed (your whole body). And if you are ill, or on a journey, or one of you comes from the call of nature, or you have been in contact with women (by sexual relations), and you do not find water, then seek clean earth and rub your faces and your hands (with it). Indeed, Allah is Oft Pardoning, Oft Forgiving.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِىْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾
44. Have you not seen, those who were given a portion of the book, purchasing error, and they wish that you should go astray from the (right) path.	اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾
45. And Allah knows best of your enemies. And Allah is Sufficient as a Guardian, and Allah is Sufficient as a Helper.	وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! نہ قریب جاؤ نماز کے،

اس حال میں کہ تم نشہ میں ہو، حتّٰی کہ (نشہ اُتر جائے اور)

معلوم ہو تمہیں کہ کیا کہہ رہے ہو تم؟

اور نہ جنابت کی حالت میں (قریب جاؤ نماز کے) اِلّا یہ کہ

تم راستے سے گزر رہے ہو، حتّٰی کہ غسل کر لو۔

اور اگر ہو تم بیمار یا سفر میں یا آیا ہو

کوئی تم میں سے رفع حاجت کر کے یا ہم بستری کی ہو تم نے

عورتوں سے۔ اور نہ میسر آئے تم کو پانی تو تیمم کرو

پاک مٹی سے۔ سو مسح کرو اپنے چہروں کا

اور ہاتھوں کا بے شک اللہ ہے

خطائیں معاف کرنے والا، گناہ بخشنے والا ﴿۴۳﴾

کیا نہیں دیکھا تم نے ان لوگوں کو جنہیں دیا گیا تھا کچھ حصہ

کتابِ الٰہی میں سے کہ خریدتے ہیں وہ گمراہی

اور چاہتے ہیں کہ بھٹک جاؤ تم بھی راستے سے ﴿۴۴﴾

اور اللہ خُوب جانتا ہے تمہارے دشمنوں کو اور کافی ہے اللہ

کارساز اور کافی ہے اللہ مددگار ﴿۴۵﴾

English	Arabic	Urdu
46. Among the Jews are those who change words from their context and they say: "We hear (you O Muhammad), and we disobey. And hear you (O Muhammad) as one who hears not." And (they say) Raina (consider us but by) distorting with their tongues (sounding insult), and slandering religion. And if they had said: "We hear (you O Muhammad) and we obey. And hear you (O Muhammad), and look at us," it would have been better for them, and more upright. But Allah has cursed them for their disbelief, so they believe not, except a few.	مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾	ان لوگوں میں سے جو یہودی بن گئے کچھ ایسے ہیں جو ہٹا دیتے ہیں الفاظ کو اُن کے موقع و محل سے اور کہتے ہیں: "سمعنا وعصینا" ہم نے سُنا اور نہ مانا اور "اسمع غیر مسمع" ہماری سُن تیری کوئی نہ سُنے اور کہتے ہیں "راعنا" کو "راعینا" یعنی ہمارا گڈریا، مروڑ کر اپنی زبانیں طنز کرنے کے لیے دینِ حق پر اور اگر وہ یوں کہتے "سمعنا واطعنا" ہم نے سُنا اور مان لیا اور "اسمع وانظرنا" سنیے اور ہماری طرف نظر کیجیے تو یہ ہوتا بہتر ان کے حق میں اور زیادہ درست بھی، لیکن دُور کر دیا ہے اپنی رحمت سے اُن کو اللہ نے، ان کے کفر کی وجہ سے سو وہ نہیں ایمان لاتے مگر بہت کم ۴۶
47. O you who have been given the Scripture, believe in what We have sent down (to Muhammad) confirming what is (already) with you, before We obliterate faces, then turn them on their backs, or curse them as We cursed people of (those who violated) the Sabbath. And the commandment of Allah must be carried out.	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾	اے لوگو! جنہیں دی گئی ہے کتاب، ایمان لاؤ اس کتاب پر جو نازل کی ہے ہم نے، جو تصدیق کرنے والی ہے اس کتاب کی جو تمہارے پاس ہے قبل اس کے کہ ہم مسخ کر دیں چہروں کو اور پھیر دیں اُن کو اُن کی پیٹھ کی طرف یا لعنت کریں ہم اُن پر جیسے لعنت کی تھی ہم نے اصحابِ سبت پر اور یاد رکھو، ہے اللہ کا حکم نافذ ہو کر رہنے والا ۴۷

48. Indeed, Allah does not forgive that partners should be ascribed to Him. And He forgives what is other than that, for whom He wills. And whoever ascribes partners to Allah, he has indeed invented a tremendous sin.	إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى إِثْمًا عَظِيْمًا ﴿٤٨﴾
49. Have you not seen those who claim themselves to be pure. Nay, but Allah purifies whom He wills, and they will not be wronged (even as much as) the husk on a date-stone.	أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ أَنْفُسَهُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿٤٩﴾
50. See, how they invent a lie against Allah. And enough is that as a manifest sin.	اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۚ وَكَفٰى بِهٖٓ إِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿٥٠﴾
51. Have you not seen those who were given a portion of the Scripture, they believe in superstitions and false deities. And they say about those (idolaters) who disbelieve that they are better guided in the (right) way than those who believe.	أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ أُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ أَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿٥١﴾
52. Those are the ones whom Allah has cursed. And he whom Allah curses, you will then not find for him any helper.	أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿٥٢﴾

بے شک اللہ نہیں معاف کرتا یہ (گناہ) کہ شرک کیا جائے
اس کے ساتھ اور معاف کر دیتا ہے شرک کے علاوہ (باقی گناہ)
جس کے لیے چاہے۔ اور جس نے شریک ٹھہرایا اللہ کا کسی کو
اس نے بہتان باندھا اللہ پر (اور ارتکاب کیا) بہت بڑے گناہ کا ﴿٤٨﴾
کیا نہیں دیکھا تم نے ان لوگوں کو جو پاکیزہ قرار دیتے ہیں
اپنی ذات کو۔ حالانکہ اللہ ہی ہے جو پاک کرتا ہے جسے چاہتا ہے
اور (جنہیں اللہ پاک نہیں کرتا) انہیں ظلم کیا جائے گا ان پر بھی ذرہ برابر ﴿٤٩﴾
دیکھو تو سہی! کس ڈھٹائی سے بہتان باندھ رہے ہیں یہ لوگ
اللہ پر جھوٹ کا۔ اور کافی ہے (ان کے مجرم ہونے کے لیے)
یہی کھلا گناہ ﴿٥٠﴾
کیا نہیں دیکھا تم نے ان لوگوں کو جن کو دیا گیا ہے
کچھ حصہ کتاب الٰہی میں سے کہ ایمان رکھتے ہیں وہ
جادو ٹونے اور شیطانی قوتوں پر اور کہتے ہیں
ان لوگوں کے بارے میں جنہوں نے انکار کیا (رسالت محمدیہ کا)
کہ یہ لوگ زیادہ ہدایت یافتہ ہیں اُن کی نسبت جو
مُسلمان ہو چکے ہیں راستے کے اعتبار سے ﴿٥١﴾
یہی ہیں وہ لوگ کہ لعنت کی ہے اُن پر اللہ نے
اور جس پر لعنت کر دی اللہ نے سو ہرگز نہیں پائے گا تو
اس کے لیے کوئی مددگار ﴿٥٢﴾

53. Or do they have a share in the dominion (of Allah). Then (had that been so), they would not give mankind even the speck on a date-stone.	أَمْ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَإِذًا لَّا يُؤْتُونَ النَّاسَ نَقِيرًا ﴿٥٣﴾	کیا اُن کو حاصل ہے کوئی حصّہ، اللہ کی حکومت میں (اگر کہیں ایسا ہوتا) تو پھر یہ نہ دیتے لوگوں کو، ذرہ برابر بھی ﴿٥٣﴾
54. Or do they envy mankind for what Allah has given them of His bounty. Then indeed, We bestowed upon the family of Abraham the Book and wisdom, and We bestowed upon them a great kingdom.	أَمْ يَحْسُدُونَ النَّاسَ عَلَىٰ مَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۖ فَقَدْ آتَيْنَا آلَ إِبْرَاهِيمَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَآتَيْنَاهُم مُّلْكًا عَظِيمًا ﴿٥٤﴾	یا پھر یہ حسد کرتے ہیں لوگوں سے اس پر جو عطا کیا ہے اُن کو اللہ نے اپنے فضل سے سو عطا کی تھی ہم نے تو آلِ ابراہیمؑ کو بھی کتاب اور حکمت اور عطا کی تھی ہم نے اُن کو بہت بڑی سلطنت ﴿٥٤﴾
55. Then among them were some who believed in it, and among them were some who turned away from it. And sufficient is Hell for (their) burning.	فَمِنْهُم مَّنْ آمَنَ بِهِ وَمِنْهُم مَّن صَدَّ عَنْهُ ۚ وَكَفَىٰ بِجَهَنَّمَ سَعِيرًا ﴿٥٥﴾	سو اُن میں سے کچھ تو ایسے تھے جو ایمان لائے اس پر اور کچھ ایسے بھی تھے جو رُکے رہے ایمان لانے سے اور کافی ہے (ایسوں کے لیے) جہنّم کی بھڑکتی ہوئی آگ ﴿٥٥﴾
56. Indeed, those who disbelieve in Our revelations, We shall drive them into the Fire. As often as their skins are burnt out, We shall change them with other skins, that they may taste the punishment. Indeed, Allah is ever All Mighty, All Wise.	إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا سَوْفَ نُصْلِيهِمْ نَارًا كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُودُهُم بَدَّلْنَاهُمْ جُلُودًا غَيْرَهَا لِيَذُوقُوا الْعَذَابَ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿٥٦﴾	بے شک وہ لوگ جنہوں نے انکار کیا ماننے سے ہمارے احکام کو، عنقریب جھونکیں گے ہم انہیں آگ میں۔ جب جل جائیں گی کھالیں اُن کی تو بدل دیں گے ہم اُن کی کھالیں اور کھالوں سے، تاکہ مزہ چکھتے رہیں عذاب کا بے شک اللہ ہے سب پر غالب، بڑی حکمت والا ﴿٥٦﴾

57. And those who believe and do righteous deeds, We shall admit them to Gardens underneath which rivers flow, abiding therein forever. For them therein are pure companions, and We shall admit them into plenteous shade.	وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَاۤ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ؗ وَّ نُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور کرتے رہے نیک عمل، عنقریب داخل کریں گے ہم اُنہیں جنّتوں میں کہ بہتی ہوں گی ان کے نیچے نہریں، رہیں گے یہ ان جنّتوں میں ہمیشہ ہمیشہ ہوں گی اُن کے لیے وہاں بیویاں پاکیزہ اور داخل کریں گے ہم اُنہیں (اپنی رحمت کی) گھنی چھاؤں میں ﴿۵۷﴾
58. Indeed, Allah commands you that you render back the trusts to their owners, and when you judge between mankind, that you judge with justice. Indeed, excellent is that which Allah admonishes you. Truly, Allah is ever All Hearer, All Seer.	اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا ۙ وَ اِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾	بے شک اللہ حکم دیتا ہے تم کو کہ سپرد کرو امانتیں، اہلِ امانت کو۔ اور جب فیصلہ کرو تم لوگوں کے مابین تو فیصلہ کرو عدل کے ساتھ۔ بے شک اللہ بہت ہی اچھی نصیحت کرتا ہے تم کو۔ بے شک اللہ ہے ہر بات کا سُننے والا، ہر چیز کو دیکھنے والا ﴿۵۸﴾
59. O you who believe, obey Allah, and obey the messenger (Muhammad), and those who are in authority among you. Then if you have a dispute concerning any matter, refer it to Allah and the messenger if you are (in truth) believers in Allah and the Last Day. That is better and more commendable in the end.	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۵۹﴾	اے ایمان والو! اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسولؐ کی اور صاحبانِ اقتدار و اختیار کی، جو تم میں سے ہوں پھر اگر جھگڑا ہو جائے تمہارے درمیان کسی معاملہ میں، تو پھیر دو اسے (فیصلے کے لیے) اللہ کی طرف اور رسُولؐ کی طرف، اگر تم (واقعی) ایمان رکھتے ہو اللہ پر اور روزِ آخرت پر۔ یہی طریقِ کار ہے بہتر اور بہت اچھا انجام کے اعتبار سے ﴿۵۹﴾

60. Have you not seen those (hypocrites) who claim that they believe in that which has been sent down to you, and that which was sent down before you. They wish to go for judgment (in their disputes) to satanic authorities, while they have been ordered to reject them. And Satan wishes to lead them astray, a far away misleading.	اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ يَزۡعُمُوۡنَ اَنَّهُمۡ اٰمَنُوۡا بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ وَمَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِكَ يُرِيۡدُوۡنَ اَنۡ يَّتَحَاكَمُوۡۤا اِلَى الطَّاغُوۡتِ وَقَدۡ اُمِرُوۡۤا اَنۡ يَّكۡفُرُوۡا بِهٖ ؕ وَيُرِيۡدُ الشَّيۡطٰنُ اَنۡ يُّضِلَّهُمۡ ضَلٰلًاۢ بَعِيۡدًا ۝٦٠	کیانہیں دیکھاتم نے ان لوگوں کو جو دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ ایمان لائے ہیں اس پر جو نازل کیا گیا ہے تم پر اور اس پر بھی جو نازل کیا گیا ہے تم سے پہلے (اس کے باوجود) چاہتے ہیں یہ کہ رجوع کریں معاملات کے فیصلے کے لیے طاغوت کی طرف حالانکہ اُنہیں حکم دیا گیا تھا کہ انکار کریں طاغوت کا جبکہ چاہتا ہے شیطان یہی کہ لے جائے بھٹکا کر اُنہیں گمراہی میں بہت دُور ۝٦٠
61. And when it is said to them: "Come to what Allah has sent down and to the messenger (Muhammad)," you see the hypocrites turning away from you in aversion.	وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ تَعَالَوۡا اِلٰى مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوۡلِ رَاَيۡتَ الۡمُنٰفِقِيۡنَ يَصُدُّوۡنَ عَنۡكَ صُدُوۡدًا ۝٦١	اور جب کہا جاتا ہے اُن سے کہ آؤ اس کی طرف جو نازل کیا ہے اللہ نے اور (آؤ) رسُول کی طرف تو دیکھو گے تم ان منافقوں کو کہ رکے رہتے ہیں تمہارے پاس آنے سے، بڑی سختی کے ساتھ ۝٦١
62. So how (would it be) when a catastrophe befalls them because of what their own hands have sent forth. Then they would come to you, swearing by Allah. "We intended nothing except goodwill and conciliation."	فَكَيۡفَ اِذَاۤ اَصَابَتۡهُمۡ مُّصِيۡبَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ ثُمَّ جَآءُوۡكَ يَحۡلِفُوۡنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنۡ اَرَدۡنَاۤ اِلَّاۤ اِحۡسَانًا وَّتَوۡفِيۡقًا ۝٦٢	پھر کیا کیفیّت ہوتی ہے جب آپڑتی ہے ان پر، کوئی مُصیبت بسبب اُس کے جو کیا ہوتا ہے ان کے اپنے ہاتھوں نے، پھر آتے ہیں تمہارے پاس قسمیں کھاتے ہُوئے اللہ کی کہ نہیں تھا ہمارا ارادہ مگر بھلائی اور (فریقین میں) موافقت کرانا ۝٦٢

63. Those are the ones whom Allah knows what is in their hearts. So turn aside from them, and admonish them, and speak to them a word to reach their very souls.	أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَعْلَمُ اللَّهُ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَهُمْ فِي أَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيغًا ﴿٦٣﴾	یہ وہ لوگ ہیں کہ جانتا ہے اللہ اس کو جو ہے ان کے دلوں میں سو چشم پوشی کرو تم اُن سے اور سمجھاؤ انہیں اور کہو اُن سے اُن کے حق میں ایسی بات، جو دل میں اُتر جائے ﴿٦٣﴾
64. And We did not send any messenger except that he should be obeyed by Allah's permission. And if, when they had wronged themselves, they had come to you and asked forgiveness of Allah, and the messenger had asked forgiveness for them, they would have found Allah All Forgiving, Most Merciful.	وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ رَسُولٍ إِلَّا لِيُطَاعَ بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ جَاءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللَّهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللَّهَ تَوَّابًا رَحِيمًا ﴿٦٤﴾	اور نہیں بھیجا ہم نے کوئی رسول مگر اس لیے کہ اطاعت کی جائے اس کی اللہ کے حکم سے اور اگر یہ لوگ جب ظلم کر بیٹھے تھے اپنی جانوں پر تو آجاتے تمہارے پاس اور معافی مانگتے اللہ سے اور مغفرت کی درخواست کرتے اُن کے لیے رسول بھی تو یقیناً پاتے وہ اللہ کو بڑا معاف کرنے والا ۔ اور رحم کرنے والا ﴿٦٤﴾
65. But nay, by your Lord, they will not (truly) believe until they make you (O Muhammad) judge of what is in dispute among themselves, then find within themselves no discomfort from what you have judged, and submit with full submission.	فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴿٦٥﴾	سو قسم ہے تمہارے رب کی (اے محمدؐ) یہ ہرگز مومن نہیں ہوسکتے، جب تک کہ فیصلہ کرنے والا نہ تسلیم کرلیں تم کو اپنے باہمی اختلافات میں پھر نہ پاویں اپنے دلوں میں کوئی کھٹک اس پر جو فیصلہ کیا ہو تم نے اور تسلیم کرلیں اُسے جیسا کہ تسلیم کرنے کا حق ہے ﴿٦٥﴾

English	Arabic	Urdu
66. And if We had decreed upon them: "Kill yourselves or leave your homes," they would not have done it, except a few of them. And if they had done what they were instructed, it would have been better for them, and a firmer strengthening (in their faith).	وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿٦٦﴾	اور اگر کہیں ہم نے حکم دیا ہوتا اُنہیں کہ قتل کرو اپنے آپ کو یا نکل جاؤ اپنے گھروں سے تو نہ عمل کرتے اس حکم پر، مگر تھوڑے ان میں سے اور اگر یہ عمل کرتے اس حکم پر جس کی نصیحت کی جاتی ہے اُنہیں تو ہوتا زیادہ بہتر اُن کے حق میں اور (دین میں) زیادہ ثابت قدمی کا ذریعہ ﴿٦٦﴾
67. And then We would have bestowed upon them from Us a great reward.	وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٦٧﴾	اور اس صورت میں ضرور دیتے ہم اُن کو اپنی جنابِ خاص سے اجرِ عظیم ﴿٦٧﴾
68. And We would have guided them to a straight path.	وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿٦٨﴾	اور ضرور ہدایت دیتے ہم اُن کو صراطِ مستقیم کی ﴿٦٨﴾
69. And whoever obeys Allah and the messenger, then they will be with those upon whom Allah has bestowed favor, of the prophets, and those steadfast in truthfulness, and the martyrs, and the righteous. And how excellent are these as companions.	وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿٦٩﴾	اور جس نے اطاعت کی اللہ کی اور رسول کی سو یہی ہیں جو (ہوں گے) ساتھ ان لوگوں کے کہ انعام کیا ہے اللہ نے اُن پر (یعنی) انبیا اور صدیقین اور شہدا اور صالحین (کے)، اور بہت اچھے ہیں یہ لوگ بطورِ رفیق کے ﴿٦٩﴾
70. Such is the bounty from Allah, and Sufficient is Allah as All Knower.	ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿٧٠﴾	یہ ہے فضلِ خاص اللہ کی طرف سے اور بس کافی ہے اللہ سب کچھ جاننے والا ﴿٧٠﴾
71. O you who believe, take your precautions, then go forth (on an expedition) in parties, or go forth all together.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿٧١﴾	اے لوگو جو ایمان لائے ہو! سنبھالو اپنے ہتھیار پھر نکلو الگ الگ دستوں کی صورت میں یا نکلو سب اکٹھے ﴿٧١﴾

72. And indeed, there is among you he who lingers behind, then if a disaster befalls you, he says: "Indeed, Allah has been gracious to me in that I was not present with them."	وَ اِنَّ مِنۡكُمۡ لَمَنۡ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنۡ اَصَابَتۡكُمۡ مُّصِيۡبَةٌ قَالَ قَدۡ اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَىَّ اِذۡ لَمۡ اَكُنۡ مَّعَهُمۡ شَهِيۡدًا ﴿۷۲﴾	اور بے شک تم میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو ضرور پیچھے رہ جاتا ہے پھر اگر پہنچتی ہے تمہیں کوئی مصیبت تو کہتا ہے بے شک احسان کیا اللہ نے مجھ پر کہ نہ ہوا میں اُن کے ساتھ حاضر (معرکہ میں) ﴿۷۲﴾
73. And if a bounty comes to you from Allah, he would surely say, as if there had never been between you and him any affection: "Oh, I wish that I had been with them, then would I have achieved a great success."	وَلَـئِنۡ اَصَابَكُمۡ فَضۡلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَـقُوۡلَنَّ كَاَنۡ لَّمۡ تَكُنۡۢ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيۡتَنِىۡ كُنۡتُ مَعَهُمۡ فَاَفُوۡزَ فَوۡزًا عَظِيۡمًا ﴿۷۳﴾	اور اگر پہنچتا ہے تم کو فضل اللہ کا تو وہ اس طرح بات کرتا ہے، گویا کہ نہ تھی تمہارے اور اس کے درمیان ذرا بھی دوستی (کہتا ہے) اے کاش! ہوتا میں بھی اُن کے ساتھ تو حاصل کرتا بڑی کامیابی ﴿۷۳﴾
74. So let those fight in the cause of Allah who sell the life of this world for the Hereafter. And whoever fights in the cause of Allah, and is killed or gets victory, We shall bestow upon him a great reward.	فَلۡيُقَاتِلۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ الَّذِيۡنَ يَشۡرُوۡنَ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا بِالۡاٰخِرَةِ ؕ وَمَنۡ يُّقَاتِلۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ فَيُقۡتَلۡ اَوۡ يَغۡلِبۡ فَسَوۡفَ نُـؤۡتِيۡهِ اَجۡرًا عَظِيۡمًا ﴿۷۴﴾	سوچا ہیے کہ جنگ کریں اللہ کی راہ میں وہ لوگ جو فروخت کر چکے ہیں دُنیاوی زندگی کو آخرت کے عوض اور جو شخص جنگ کرے، اللہ کی راہ میں پھر وہ مارا جائے یا غالب آجائے تو ضرور دیں گے ہم اُسے اجرِ عظیم ﴿۷۴﴾
75. And what is (the matter) with you that you fight not in the cause of Allah, and those weak among men, and the women, and the children who say: "Our Lord, take us out from this town the people of which are oppressors. And appoint for us from Yourself a protecting friend, And appoint for us from Yourself a helper.	وَمَا لَـكُمۡ لَا تُقَاتِلُوۡنَ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَالۡمُسۡتَضۡعَفِيۡنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالۡوِلۡدَانِ الَّذِيۡنَ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَاۤ اَخۡرِجۡنَا مِنۡ هٰذِهِ الۡقَرۡيَةِ الظَّالِمِ اَهۡلُهَا ۚ وَاجۡعَلْ لَّنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ وَلِيًّا ۙۚ وَّاجۡعَلْ لَّنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ نَصِيۡرًا ﴿۷۵﴾	اور کیا ہوا ہے تم کو کہ نہیں جنگ کرتے تم اللہ کی راہ میں اور ان بے بس مردوں، عورتوں اور بچوں (کی خاطر) جو فریاد کر رہے ہیں کہ اے ہمارے رب! نکال تو ہمیں اس بستی سے کہ ظالم ہیں، جس کے رہنے والے اور بنا تو ہمارے لیے اپنی جناب سے کوئی حامی اور بنا تو ہمارے لیے اپنی جناب سے کوئی مددگار ﴿۷۵﴾

English	Arabic	Urdu
76. Those who believe, fight in the cause of Allah, and those who disbelieve, fight in the cause of evil ones. So fight against the friends of the devil. Indeed, the plot of Satan is ever weak.	اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿٧٦﴾	وہ لوگ جو ایمان والے ہیں، جنگ کرتے ہیں اللہ کی راہ میں اور جو کافر ہیں وہ جنگ کرتے ہیں راہ میں، شیطان کی پس جنگ کرو تم شیطان کے ساتھیوں سے بے شک چال شیطان کی ہے نہایت کمزور ﴿٧٦﴾
77. Have you not seen those to whom it was said: “Withhold your hands, and establish prayer, and pay the poor due,” Then when fighting was ordained for them, behold, a party of them feared men as they feared Allah, or even greater fear. And they say: “Our Lord, why have You ordained upon us fighting. If only You had given us respite for a short period.” Say (O Muhammad): “The enjoyment of this world is little. And the Hereafter will be better for him who fears (Allah). And you will not be wronged (even as much as) the husk on a date-stone.”	اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۗ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۟ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿٧٧﴾	کیا نہیں دیکھا تم نے ان لوگوں کو، کہا گیا تھا جن سے کہ روکے رکھو اپنے ہاتھ (جنگ سے) اور قائم کرو نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ پھر جونہی حکم دیا گیا انہیں جنگ کا تو ایک گروہ اُن میں سے ایسا ہے جو ڈرتا ہے لوگوں سے ایسا جیسے ڈرنا چاہیے اللہ سے یا اس سے بھی زیادہ ڈر۔ اور کہتے ہیں یہ لوگ اے رب ہمارے! کیوں فرض کیا تو نے ہم پر جنگ کرنا کیوں نہ مہلت دی تو نے ہم کو تھوڑی مدت اور کہہ دو (اے نبی!) دُنیاوی فائدہ حقیر ہے اور آخرت بہت بہتر ہے، ان کے لیے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور نہیں ظلم کیا جائے گا تم پر ذرہ برابر ﴿٧٧﴾

78. Wherever you may be, death will overtake you, even if you are in lofty towers. And if some good reaches them, they say: "This is from Allah." And if an evil befalls them, they say: "This is because of you (Muhammad)." Say: All (things) are from Allah." So what is (the matter) with these people that they do not seem to understand a word.	أَيْنَ مَا تَكُونُوا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِي بُرُوجٍ مُشَيَّدَةٍ ۗ وَإِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَقُولُوا هَٰذِهِ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۖ وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَقُولُوا هَٰذِهِ مِنْ عِنْدِكَ ۚ قُلْ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۖ فَمَالِ هَٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ حَدِيثًا ﴿٧٨﴾
79. Whatever of good reaches you is from Allah, and whatever of evil befalls you, it is from yourself. And We have sent you (Muhammad) as a messenger to mankind. And Sufficient is Allah as a Witness.	مَا أَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللَّهِ ۖ وَمَا أَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَفْسِكَ ۚ وَأَرْسَلْنَاكَ لِلنَّاسِ رَسُولًا ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ﴿٧٩﴾
80. He who obeys the messenger, has indeed obeyed Allah. And he who turns away, then We have not sent you (Muhammad) over them as a guard.	مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ ۖ وَمَنْ تَوَلَّىٰ فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ﴿٨٠﴾

جہاں کہیں بھی ہوگے تم، آلے گی تم کو موت
اگرچہ ہو تم مضبوط قلعوں کے اندر
اور اگر حاصل ہوتی ہے ان (موت سے ڈرنے والوں) کو کامیابی
تو کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے
اور اگر پہنچتا ہے اُن کو کوئی نقصان تو کہتے ہیں کہ (اے محمدؐ) یہ
تمہاری وجہ سے ہے۔ کہو سب کچھ اللہ کی طرف سے ہے
آخر کیا ہوگیا ہے ان لوگوں کو کہ نہیں لگتے یہ
کہ سمجھیں کوئی بات ﴿۷۸﴾
جو پہنچتی ہے تم کو کسی قسم کی بھلائی سو وہ اللہ کی طرف سے ہے
اور جو پہنچتی ہے تم کو کسی قسم کی بُرائی سو تمہارے نفس کی طرف سے ہے
اور بھیجا ہے ہم نے تم کو (اے محمدؐ!) لوگوں کے لیے رسول بنا کر
اور کافی ہے اللہ (اس بات پر) گواہ ﴿۷۹﴾
جس نے اطاعت کی رسولؐ کی سو درحقیقت
اطاعت کی اس نے اللہ کی اور جو منہ موڑ گیا تو نہیں
بھیجا ہے ہم نے تم کو اُن پر پاسبان بنا کر ﴿۸۰﴾

81. And they say: "(we pledge) obedience," then when they have gone forth from you, a party of them spends the night in planning other than what you say. And Allah records what they plan by night. So turn aside from them, and put your trust in Allah. And Sufficient is Allah as a Trustee.	وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۫ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِیْ تَقُوْلُ ؕ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾	اور کہتے ہیں ہم فرمانبردار ہیں مگر جب چلے جاتے ہیں تمہارے پاس سے تو راتوں کو مشورہ کرتا ہے ایک گروہ ان کا، خلاف اس کے جو تم کہتے ہو اور اللہ لکھ رہا ہے جو مشورے یہ کرتے ہیں سو پرواہ نہ کرو اُن کی اور بھروسہ کرو اللہ پر اور کافی ہے اللہ کارساز ﴿۸۱﴾
82. Do they not then reflect upon the Quran. And If it had been from other than Allah, they would have found therein much contradictions.	اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾	کیا یہ لوگ (ذرا بھی) غور نہیں کرتے قرآن میں اور اگر کہیں ہوتا یہ غیر اللہ کی طرف سے تو ضرور پاتے یہ اس میں، بہت زیادہ اختلاف ﴿۸۲﴾
83. And when there comes to them some matter (news) of safety or fear, they spread it. And if they had referred it to the messenger, and to those of authority among them. So those who are competent to investigate it would have come to know about it (directly) from them. And if it was not for the grace of Allah upon you, and His mercy, you would have followed Satan, except a few.	وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰۤى اُولِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾	اور جب آتی ہے اُن کے پاس کوئی بات، امن کی یا خوف کی تو نشر کر دیتے ہیں اس کو حالانکہ اگر پہنچاتے اُس کو رسُول کے پاس یا اپنے صاحبِ اختیار لوگوں تک تو اس کی تحقیق کرتے وہ لوگ جو نتیجہ اخذ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں ان میں سے اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا تم پر اور رحمت اس کی تو ضرور پیروی کرنے لگ جاتے تم شیطان کی، مگر تھوڑے ﴿۸۳﴾

84. So fight (O Muhammad) in the cause of Allah. You are not held responsible except for yourself, and encourage the believers. It may be that Allah will restrain the might of those who disbelieve. And Allah is stronger in might and stronger in inflicting punishment.	فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّ اَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿٨٤﴾
85. Whoever intercedes for a good cause, for him is the share there from. And whoever intercedes for an evil cause, for him is the burden there from. And Allah has power over all things.	مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ﴿٨٥﴾
86. And when you are greeted with a greeting, greet you with a better than it or return it. Indeed, Allah is Account Taker of all things.	وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ﴿٨٦﴾
87. Allah, there is no god except Him. He will surely gather you all on the Day of Resurrection, about which there is no doubt. And who is more truthful than Allah in statement.	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿٨٧﴾

سو جنگ کرو تم (اے نبیؐ!) اللہ کی راہ میں نہیں ہو تم ذمّہ دار
مگر اپنی ذات کے اور ترغیب دلاتے رہو مومنوں کو بھی
توقّع ہے کہ اللہ توڑ دے زور ان لوگوں کا جو کافر ہیں
اور اللہ سب سے زبردست ہے
اور بہت سخت ہے سزا دینے میں ﴿٨٤﴾
جو کرے گا سفارش اچھے کام کی، ہوگا اس کے لیے
حصّہ اس میں سے اور جو کرے گا سفارش
بُرے کام کی، ہوگا اس کے لیے حصّہ اس میں سے
اور ہے اللہ ہر چیز پر قادر اور نگران ﴿٨٥﴾
اور جب دُعا دی جائے تم کو، سلامتی کی دُعا
تو (جواب میں) دو تم بھی دُعا بہتر اس سے یا لوٹا دو وہی
بے شک اللہ ہے ہر چیز کا حساب لینے والا ﴿٨٦﴾
اللہ (وہ ذات ہے کہ) نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے
ضرور جمع کرے گا وہ تم سب کو قیامت کے روز
کہ نہیں ہے کوئی شک جس (کے آنے) میں اور کون ہے
زیادہ سچّا اللہ سے بات میں ﴿٨٧﴾

88. Then what is (the matter) with you (that you are divided into) two parties regarding the hypocrites. And Allah has reverted them (to disbelief) because of what they earned. Do you want to guide him whom Allah has sent astray. And he whom Allah sends astray, you will then never find for him any way (of guidance).	فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾	پھر کیا ہوگیا ہے تم کو کہ منافقین کے معاملے میں دو گروہ بن گئے ہو، جبکہ اللہ نے واپس لوٹا دیا ہے اُن کو (گمراہی میں) بسبب اُن کی کرتوتوں کے۔ کیا چاہتے ہو تم کہ ہدایت دو اسے جسے گمراہ کر دیا ہے اللہ نے حالانکہ جس کو گمراہ کر دے اللہ تو ہرگز نہیں پاؤ گے تم اس کے لیے کوئی راستہ (ہدایت پانے کا) ﴿۸۸﴾
